**Sample Paper (2025-26)**

**Subject Urdu Course B**

**Class X**

**Time: 3 Hours** **Code (303)** **M.M .80**

حصہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی. **Section (A)**

سوال نمبر 1 :-مندرجہ ذیل غیر درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھئے ؟

1x5=5

"ادبی دنیا میں جس انسان کو پریم چند کے نام سے یاد کرتی ہے اس انسان کا اصلی نام دھنپت رائے تھا۔ پریم چند بنارس کے پاس لمہی گاوں میں 1880 میں پیدا ہوئے۔ آپ کا بچپن بہت پریشانیوں سے گزرا۔ پہلے ماں کی وفات ہو گئی پھر باپ نے دوسری شادی کر لی۔ پھر باپ کا انتقال بھی جلدی ہو گیا گھر کا سارا بوجھ ان پر پڑ گیا۔ پریم چند کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا بڑا شوق تھا ۔انٹر میں کئی بار فیل ہوئے مگر ہمت نہیں ہاری بہر حال بی۔اے۔پاس کر لیا۔ آپ کی زندگی غریبی میں گزری اس لئے آپ غریب طبقہ سے ہمدردی رکھتے تھے۔ آپ کو بچپن سے کہانی لکھنے کا بہت شوق تھا۔1906 میں آپ کی کہانیوں کا پہلا مجموعہ سوزوطن شایع ہوا۔ انگریزوں نے ان پر بغاوت کا الزام لگا دیا اور 'سوزوطن' پر پابندی لگا دی۔ کچھ دن بعد بیمار رہنے لگے لیکن لکھنا جاری رکھا۔ 'گئودان' ناول لکھا اور مشہور ناول نگار بن گئے۔"

I پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟

(A) سہائے رگھوپت (B) دھنپت رائے (C) چکبست (D) دیا شنکر

II پریم چند کس شہر میں پیدا ہوئے ؟

(A) گورکھپور (B) الہٰ باد (C) بنارس (D) لکھنو

III پریم چند کب پیدا ہوئے ؟

(A) 1880 (B) 1906 (C) 1902 (D) 1882

IV پریم چند کس درجہ میں کئی بار فیل ہوئے ؟

(A) انٹر (B) ہائی اسکول (C) بی۔اے۔ (D) ایم۔اے۔

V سوزوطن کیا ہے؟

(A) شاعری (B) ناول (C) ڈرامہ (D) کہانی کا مجموعہ

یا

" آج ہمارا ملک آزاد ہے۔ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو بہادر سپاہی بنا دیں۔ان نوجوانوں کے بہادری صرف میدان جنگ میں ہی اپنے کرشمے نہیں دکھائے بلکہ بہادری کے جوہر اندرونی انتشار کو روکنے ،ملک میں پیداوار بڑھانے اور اقتصادی حالات کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔انگریز حکومت ہمیں کلرک بناتی تھی۔اب ہمیں اس سے اوپر کی بات سوچنی ہے۔جس کے لئے جسم مضبوط بنانا ہے اور سبھی طرح کے آلات کا استعمال بھی سیکھنا ہے۔آزاد قوموں کی طرح اپنے افراد میں ضبط اور سلیقہ پیدا کرنا ہے۔ان سب کے لئے فوجی تعلیم بہترین وسیلہ ہے۔"

I ہم اپنے نوجوانوں کو کیا بنائے؟

(A) بہترین شہری (B) اچھا آدمی (C) بہادر سپاہی (D) اچھاانسان

II انگریز حکومت کیا بناتی تھی؟

(A) کلرک (B) مزدور (C) کاریگر (D) بے کار

III ملک کی ترقی کے لئے کیا مضبوط کرنا ہے؟

(A) انسان (B) دماغ (C) جسم (D) اخلاق

IV اقتصادی حالات سے کیا مطلب ہے

(A) کاروبار میں اضافہ (B) دوکان کی ترقی (C) روزگار (D) کوئی بھی کام

V ملک کی ترقی کے لئے بہرتین وسیلہ کیا ہے؟

(A) کتب خانہ (B) فوجی تعلیم (C) اسکول (D) علم

سوال نمبر2 مندرجہ ذیل شعری (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس متعلق سوالات متبادل جوابات کا انتخاب کیجئے؟

1x5=5

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی

پگڑی بھی آدمی کو اتارے ہے آدمی چلا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی

اور سن کے دوڑ تا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

چلتا ہے آدمی ہی، مسافر ہو لے کے مال اور آدمی ہی مارے ہے، پھانسی گلے میں ڈال

یاں آدمی ہی صید ہے اور آدمی ہی جال سچا بھی آدمی ہی نکلتا میرے لال

اور جھوٹ کا بھرا ہے، سو وہ بھی آدمی

I آدمی آدمی کو کس سے مار رہا ہے؟

(A) بھالا (B) تلوار (C) تیغ (D) بندوق

II پگڑی اتارنا سے کیا مطلب ہے؟

(A) بے عزت کرنا (B) مارنا (C) بھگادینا (D) پکارنا

III مسافر کیا لے کر چل رہا ہے؟

(A) روپیہ (B) پیسہ (C) مال (D) سونا

IV صید سے کیا مطلب ہے؟

(A) قید (B) آزاد (C) بے روزگار (D) روکنا

V اس نظم کے ٹکڑے میں کس کی خوبی اور خامی بیان کی گئی ہے؟

(A) آدمی　(B) پرندہ　(C) وطن　(D) جانور

یا

گوتم نے آبرو دی اس معبد کہن کو　سرمد نے اس زمیں پر صدقے کیا وطن کو

اکبر نے جام الفت بخشا اس چمن کو　سینچا لہو سے اپنے رانا نے اس چمن کو

سب سور بیر اپنے اس خاک میں نہاں ہیں

ٹوٹے ہوئے　کھنڈر ہیں یا ان کی ہڈیاں ہیں

دیوار و در سے اب تک ان کا اثر عیاں ہے　اپنی　رگوں میں اب تک ان کا لہو رواں ہے

اب تک اثر میں ڈوبی ناقوس کی فغاں ہے　فروس گوش اب تک کیفیت اذاں ہے

کشمیر سے عیاں ہے جنت کا رنگ اب تک

شوکت سے بہ رہا ہے دریائے گنگ اب تک

I　سرمد نے صدقے کس پر کیا ہے؟

(A) مکان　(B) حویلی　(C) وطن　(D) گھر

II　جام الفت کس نے بخشا؟

(A) اکبر نے　(B) رانا نے　(C) گوتم نے　(D) بابر نے

III رانا نے اس چمن کو کس سے سینچا؟

(A) آبرو　(B) لہو　(C) دولت مال　(D) سونا چاندی

IV　شوکت سے کون سی ندی بہ رہی ہے؟

(A) جمنا (B) جہلم (C) گنگا (D) چناب

V اب تک کشمیر سے کیا عیاں ہے ؟

(A) جنت کا رنگ (B) پرندہ کی آواز (C) خوب صورتی (D) پھل میوہ

سوال نمبر3 :۔ مندرجہ ذیل درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح متبادل جوابات لکھئے ؟

1x5=5

"ہندوستان ایک لمبا چوڑا ملک تو ہے ہی، کسی حصہ میں کوئی پراکرتک بولی جاتی تھی کسی میں کوئی ۔اب جو بدھ مت کا مقابلہ کرنے کے لئے سادھو سنت پیدا ہوئے توانھوں نے بھی عام لوگوں پر اپنا اثر ڈالنے کے لئے پراکرتوں ہی میں گیت اور بھجن لکھے اور دھرم کرم کی باتیں کیں۔اس وقت دوسری پراکرتوں یا زبانوں کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ،آخر بھارت میں جو پراکرتک بولی جاتی تھی ہمیں اسی سے کام ہے۔اس پراکرتک کو شورسینی کہتے تھے۔اسی کے پیٹ سے وہ بھاشائیں پیدا ہوئیں جن کو ہندوستانی ہندی اور اردو کہتے ہیں۔ "

I ہندوستان کیسا ملک ہے؟

(A) وسیع (B) بڑا (C) لمباچوڑا (D) عمدہ

II بدھ مت کا مقابلہ کرنے کے لئے سادھو سنتوں نے کون سی زبان کا استعمال کیا ؟

(A) کھڑی بولی (B) پراکرتک زبان (C) علاقہ کی زبان ( D) اچھی زبان

III پراکرتوں میں گیت اور بھجن کی باتیں کس نے کی؟

(A) سادھوسنتوں نے (B) بدھ مت نے (C)عوام نے (D) علاقے کے لوگوں نے

IV سادھوسنتوں نے کس پر اثر ڈالنے کے لیئے پراکرتک زبان کا استعمال کیا؟

(A) ہندوں پر (B) مسلم پر (C) بدھ مت پر (D) عوام پر

V پراکرتک یا شورسینی کے کون سی بھاشا پیدا ہوئی؟

(A) اردوہندی (B) سنسکرت (C) گجراتی (D) راجستھانی

سوال نمبر4 :۔ مندرجہ ذیل شعری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس متعلق سوالات متبادل جوابات کا انتخاب کیجئے؟

1x5=5

لائی حیات، آئے قضا لے کے ہم چلے اپنی خوشی سے نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بد قمار جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا میں دل لگے پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی لگے

نازاں تری نہ ہو خرد پہ، جو ہونا ہے ہو وہی دانش تری، نہ کچھ مری دانش وری چلے

I مندرجہ بالا اشعار کا تعلق شاعری کے کس صنف سے ہے؟

(A) نظم (B) غزل (C) قصیدہ (D) مرثیہ

II بالا اشعار کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(A) شیخ محمد ابراہیم ذوق (B) مرزا اسداللہ خاں غالب (C) میر تقی میر (D) اقبال

III پہلے شعر میں قضا سے کیا مراد ہے؟

(A) زندگی (B) غم (C) موت (D) خواب

IV دوسرے شعر میں عمر خضر کے معنی ہیں؟

(A) لمبی عمر (B) کم عمر (C) چھوٹی عمر (D) عمر

V خرد کسے کہتے ہیں؟

(A) آرزو (B) زندگی (C) عقل (D) قسمت

## SECTION (B) WRITT ING SKILLS حصہ (ب) تحریری مہارت

سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے؟

10x1=10

(A) علم کی اہمیت (B) پسندیدہ شخصیت (C) کھیل کے فایدے (D) سائنس کی اہمیت

سوال نمبر 6 اپنے اسکول کے پرنسپل / صدر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں شادی میں شریک ہونے کے لئے دو دن کی چھٹی کی گزارش کیجئے. ؟

5x1=5

یا

اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں مزید تعلیم کے لئے کچھ پیسہ بھیجنے کی گزارش کیجئے؟

سوال نمبر 7 سید احتشام حسین کے حالات زندگی اور ان کے طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھئے؟

5s1=5

یا

درسی کتاب میں دیے گئے سبق کاٹھ کا گھوڑا یا رضیہ سلطان سبق کا خلاصہ لکھئے؟

سوال نمبر 8 اقبال یا میر تقی میر کے حلات زندگی اور ان کی شاعرانہ خصوصیت پر روشنی ڈالئے؟

5x1=5

یا

قدم بڑھاو دوستو یا نیکی بدی میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

## SECTION (C) WRITT ING SKILLS حصہ (ج) تحریری مہارت

سوال نمبر 9 نیچے لکھے ہوئے معروضی سوالات صرف آٹھ ( 8 ) کے صحیح جوابات لکھئے ؟

2x8=16

I رانی نے کتاب پڑھی

(A) فعل حال (B) فعل ماضی (C) فعل مستقبل (D) فعل مجہول

II درخت کون سا اسم ہے؟

(A) اسم نکرہ (B) اسم معرفہ (C) اسم فاعل ( D) اسم ظرف

III ذیل میں اسم نکرہ کی پہچان کیجئے ؟

(A) آلہٰباد (B) شہر (C) آدمی (D) گھوڑا

IV ذیل میں اسم لاحقہ کی پہچان کیجئے ؟

(A) برآمد (B) باصلاحیت (C) لامکان (D) ضرورت مند

V ذیل میں اسم لاحقہ کی نشان دہی کیجئے ؟

(A) عیدگاہ (B) بازار (C) باشعور (D) ضرورت

VI زندگی کی ضد کیاہے؟

(A) موت (B) سانس (C) جیت (D) ہمت

VII درخت کی جمع کیاہے؟

(A) پیڑ (B) ٹہنی (C) درختوں (D) جڑ

VIII کتاب کی جمع کیاہے؟

(A) کتابوں (B) کاپی (C) پیج (D) قلم

IX وہ علامت یا نشان جو پکارنے کے لئے لگاتے ہیں اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ندائیہ (B) فجائیہ (C) تخلص (D) مطلع

X شیرنی کا مذکر کیا ہوگا؟

(A) ہرن (B) (C) شیر بندر (D) گھوڑا

سوال نمبر 10 درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے؟

1x4=4

1 دل بھر آنا 2 رائی کا پہاڑ بنانا 3 چار چاند لگانا 4.جی بھر آنا

## SECTION (D) Literature ادب (د) حصہ

سوال نمبر11 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے؟

3x2=6

1 بندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا ؟

II ڈاکٹر بھیم راو امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

III بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

سوال نمبر 12 درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے؟

1x2=2

1 انٹرنیٹ سے طلبا کو کیا فائدے ہیں؟

II رضیہ کے فوض کا مقابلہ کس سے ہوا؟

سوال نمبر 13 درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے ؟

2x2=4

1 چڑیاں خدا کی تشبیہ کیسے کرتی ہیں ؟

II کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں سے شاعر کا کیا مراد ہے ؟

سوال نمبر 14 درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے ؟

1x3=3

1 نیکی اور بدی کے شاعر کا کیا نام ہے ؟

II اقبال کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

III قدم بڑھاو دوستو کس کی نظم ہے ؟

--------------